**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

**مورخہ** 09.01.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | سیلابی پانی کا ذخیرہ کر کے کارآمد بنانے کا 7 سالہ منصوبہ بروقت مکمل کیا جائے | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | بزدلانہ حملوں سے فورسز کے عزائم کو کمزور نہیں کیا جاسکتا، سلیم کھوسہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | کھلاڑیوں کو ہرممکن سہولت فراہم کرینگے، مینا مجید | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | نوجوان ملک کا مستقبل کسی منفی سرگرمی کا حصہ نہ بنیں، آئی جی ایف سی نارتھ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کا آئینی ترمیمی بل سینیٹ قائمہ کمیٹی سے منظور | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | بلوچستان ملکی ترقی وخوشحالی میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے، بلال کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | الزامات بے بنیاد، پی بی 45 پر پولنگ ہرلحاظ سے درست تھی، الیکشن کمیشن | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | ٹانک میں پولیوکیس کی تصدیق، ملک میں مجموعی تعداد 69 ہوگئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کرپشن میں ملوث اور گرفتار ملازمین کو معطل کیا جائے، اینٹی کرپشن کا محکموں کو مراسلہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | امن وامان سے متعلق ٹرانسپورٹر کی شکایات کا ازالہ کرینگے، کمشنر نصیرآباد | انتخاب ودیگراخبارات |
| 11 | کابینہ کمیٹی کا جلاس پانچ سال سے زائد عرصے سے لاپتہ افراد کے اہلخانہ کیلئے 50 لاکھ کا امدادی پیکیج | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان کا واحد انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسر پلانٹ بند کردیا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے، شفقت انور شاہوائی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | علی مددجتک کی کامیابی کا نوٹیفیکیشن جاری کردیا گیا | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | مسلح افراد نے لیویز تھانہ سے اسلحہ گاڑیوں اور سرکاری ریکارڈ کو بھی قبضے میں لے لیا، نعیم خان بازئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | الایمان ہسپتال سرکاری ہسپتال قرار دینے کی خبر گمراہ کن ہے، ترجمان محکمہ صحت | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | اس سال چمن میں پانچ لاکھ درخت اور پودے لگائے جائینگے، ڈی سی چمن | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

زہری مسلح افرادنورگامہ بازار میں داخل لیویز تھانہ نذرآتش املاک کو نقصان، قلعہ سیف اللہ فائرنگ سے ایک نوجوان ہلاک دوسرا اغواء، مانجھی پور کے تاجر سے 15 لاکھ روپے چھین لئے گئے، کوئٹہ مسلح افراد کا شاپنگ سنٹر پر دھاوا فائرنگ سے تاجر جاں بحق، ہرنائی سے چوری کی موٹرسائیکلیں برآمد ملزمان گرفتار

## عوامی مسائل:

سریاب کلی سردہ میں نکاسی آب کا نظام مفلوج گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا، مسلم اتحاد کالونی میں گیس پریشر بحال نہیں ہوسکا، عوام سخت پریشان، استامحمد کھیرتھر کینال میں پانی کا بڑا شارٹ فال حکام بے بس زمیندار پریشان،

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 09.01.2025

**اداریہ :**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کافیصلہ خوش آئند اقدام**" کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں انسانی سمگلنگ کے تمام گروہوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ وہ نشان عبرت بنیں۔ اپنی زیر صدارت ملک میں انسانی سمگلنگ کیخلاف لئے گئے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کے دوران شہباز شریف نے انسان سمگلنگ میں ملوث سرکاری اہلکاروں کیخلاف لئے گئے حالیہ اقدامات پر ایف آئی اے کو سراہا اور کہا کہ سہولت کاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کے بعد سخت تعزیری اقدامات بھی لئے جائیں انہوں نے کہا کہ انسانی سمگلروں کی جائیدادوں اور اثاثوں کی ضبطگی کیلئے فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اس مکروہ دھندے میں ملوث تمام افراد کیخلاف استغاثہ کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے، وزرات قانون وانصاف سے مشاورت کے بعد اعلیٰ ترین درجے کے وکلاء تعینات کئے جائیں دفتر خارجہ بیرون ملک سے انسانی سمگلنگ کا دھندہ چلانے والے پاکستانیوں کیلئے متعلقہ ممالک سے رابطہ اور ان کی پاکستان حوالگی کے حوالے سے جلد از جلد اقدامات اٹھائے۔ وزرات اطلاعات، وزارت داخلہ کے تعاون سے عوام میں بیرون ملک نوکریوں کیلئے صرف قانونی راستے اختیار کرنے کی آگاہی مہم چلائیں۔

**اداریے :**

روزنامہ انتخاب حب کوئٹہ نے "**ریکوڈک 15فیصدشیئر ،سعودیہ کو فروخت**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کی ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**قائد اعظم ریزیڈنسی زیارت ایک ثقافتی ورثہ**" کے عنوان سے عبدالباسط کا مضمون تحریر کی ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 37 | بروز بدھ، 8 جنوری 2025ء بمطابق 7 رجب المرجب 1446ھ | شمارہ نمبر 08

# سیلابی پانی کو ذخیرہ کرکے کارآمد بنانے کا 7 سالہ منصوبہ بروقت مکمل کیا جائے

میر سرفراز بگٹی

غیر معمولی اہمیت کا حامل منصوبہ زرعی شعبے میں ترقی کے ذریعے عوام کی زندگیوں میں نمایاں تبدیلی کا حامل ثابت ہوگا، اجلاس سے خطاب

**وزیراعلیٰ سے سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر کی ملاقات، سرگرمیوں سے آگاہ کیا، سرفراز بگٹی کی ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی**

اسلام آباد / کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت "ری چارج پاکستان" منصوبے سے متعلق جائزہ اجلاس منگل کو یہاں منعقد ہوا جس میں ویڈیو لنک کے ذریعے وفاقی و صوبائی حکام اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

میں "ری چارج پاکستان" منصوبے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزارت موسمیاتی تبدیلی، وفاقی فلڈ کمیشن، اور ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے اشتراک سے تیار کیے گئے اس سات سالہ منصوبے کے تحت بلوچستان میں کلائمیٹ فنڈ کے تحت چاکر لہری واٹرشیڈ سیلابی تحفظ کے 19 سبز انفراسٹرکچر کے تجویز کردہ اقدامات پر عمل درآمد، سیلاب سے بچاؤ، چھوٹی اور بڑی آبی گزرگاہوں کے مقامات پر اضافی سیلابی پانی کو ذخیرہ کرکے اسے کارگر بنانے اور زمین کے پانی کو دوبارہ چارج کرنے کے لیے چارج سسٹم بنائے جائیں گے اس منصوبے کا مقصد موسمیاتی تبدیلی کے مطابق بلوچستان میں بہتر واٹر مینجمنٹ ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس توقع کا اظہار کیا کہ یہ منصوبہ بلوچستان میں سیلابی تحفظ اور پانی کے ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں بہتری لائے گا اور زرعی شعبے میں ترقی کے ذریعے صوبے کے عوام کی زندگیوں میں نمایاں تبدیلی کا حامل ثابت ہوگا وزیر اعلیٰ نے تمام متعلقہ اداروں کو اس منصوبے کی کامیاب تکمیل کے لیے مربوط اقدامات کرنے کی ہدایت کی اجلاس میں ویڈیو لنک کے ذریعے چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان ایڈیشنل چیف منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط سمیت دیگر متعلقہ حکام نے بھی شرکت کی۔

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے منگل کو یہاں سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ائیر وائس مارشل

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

(ریٹائرڈ) آفتاب حسین نے ملاقات کی اور بلوچستان سمیت ملک بھر میں سندس فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں کے حوالے سے آگاہ کیا ملاقات کے دوران بلوچستان میں سندس فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں کا دائرہ کار وسیع کرنے اور پسماندہ علاقوں میں تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا سمیت خون کی بیماریوں میں مبتلا مریضوں کے علاج کے لیے سہولتیں فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سندس فاؤنڈیشن کی خدمات سراہتے ہوئے کہا کہ اس فاؤنڈیشن نے خون کی بیماریوں کے علاج میں قابل ذکر کام کیا ہے جس سے لاکھوں غریب افراد کو فائدہ ہوا ہے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کوئٹہ میں سندس فاؤنڈیشن کا مرکز قائم کرنے کے حوالے سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں اصلاحات کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحت کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے اس مقصد کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت معیاری طبی سہولتیں فراہم کرنے جا رہے ہیں جس سے عام بلوچستانی کو اس کی دہلیز پر معیاری طبی سہولیات میسر آئیں گی وزیر اعلیٰ نے مفاد عامہ کے امور میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا ملاقات کے دوران سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر آفتاب حسین نے بلوچستان میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی سنجیدگی اور پختہ عزم کو سراہا اور یقین دہانی کرائی کہ سندس فاؤنڈیشن بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں اپنی خدمات بڑھانے کے لیے تیار ہے۔



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے سندس فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر ائیر مارشل (ریٹائرڈ) آفتاب حسین ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سات سالہ ری چارج پاکستان منصوبے کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 — Dated 09 JAN 2025 — Page No. 2


## بزدلانہ حملوں سے فورسز کے عزائم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا، سلیم کھوسہ

ہاشمی پور (جنگ نیوز) پاکستان مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر سلیم خان کھوسہ نے تربت میں فورسز کے قافلے پر دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز ملک کے دفاع اور دشمن سے وطن کی حفاظت کے دوران جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے بہادر قوم کے ہیرو ہیں بزدلانہ حملوں سے سیکیورٹی فورسز کے عزائم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں ... دشمن عناصر ... مختلف سازشیں ... کی کوشش کررہے ہیں جو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے انہوں نے شہید اہلکاروں کے ... شہداء کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔


Century Express Quetta


## کھلاڑیوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرینگے، مینا مجید

### صوبے کے تمام کھلاڑیوں کی سپورٹ جاری رکھیں گے، فائنل کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (خ ن) ریلوے ہاکی گراؤنڈ میں جاری دوسرا آل بلوچستان شہید عبدالصمد خان فٹبال ٹورنامنٹ کا فائنل میچ ٹائیگر ریکسانی فٹبال کلب اور ینگ خروٹ آباد فٹبال کلب کے مابین کھیلا گیا میچ مقررہ وقت تک ایک ایک گول سے برابر رہا، میچ کا فیصلہ پنلٹی ککس پر ہوا تا ٹائیگر ریکسانی فٹبال کلب نے پنلٹی ککس پر میچ جیت کر چیمپئن بننے کا اعزاز اپنے نام کیا، فائنل میچ کی مہمان خصوصی صوبائی مشیر برائے کھیل و ثقافت مینا مجید تھیں ان کے ہمراہ سماجی رہنما حاجی یوسف خلجی، مظلوم اولسی تحریک کے سربراہ حاجی صادق خان اچکزئی، عبداللہ خان اچکزئی، سلطان ماما، ناصر کاکڑ ودیگر سمیت تماشائیوں کی بڑی تعداد موجود تھی، میچ کے اختتام پر مہمان خصوصی صوبائی مشیر برائے کھیل و ثقافت مینا مجید نے خطاب کرتے ہوئے دونوں ٹیموں کو فائنل کھیلنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہار جیت کھیل کا حصہ ہے، دونوں ٹیموں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا، میچ دیکھ کر خوشی ہوئی اس جذبے اس ہمت کیساتھ آگے بھی کھیلنا ہے اور بلوچستان کو آگے لے کر جانا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ کوئی بھی کام اس دنیا میں ناممکن نہیں ہے اسی طرح محنت جاری رکھیں اور اپنے صوبے کی نمائندگی کرتے ہوئے ملک و قوم کا نام روشن کریں انہوں نے کہا کہ ہمارا عزم بلوچستان کے ہر ڈسٹرکٹ میں کام کرنا ہے اور کھلاڑیوں کو بہتر سہولیات فراہم کرنی ہے ہماری سپورٹ صوبے کے تمام کھلاڑیوں کیساتھ ہے، انہوں نے ونر ٹیم کیلئے ایک لاکھ روپے اور رنر اپ ٹیم کیلئے پچاس ہزار روپے دینے کا اعلان کیا، سماجی رہنما حاجی یوسف خلجی نے خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر برائے کھیل و ثقافت سے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں کو مالی معاونت فراہم کی جائے کیونکہ ہمارے صوبے کے کھلاڑی غریب طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 JAN 2025 Page No. 4


## امن وامان سے متعلق ٹرانسپورٹرز کی شکایات کا ازالہ کریں گے، کمشنر نصیر آباد

**لوگوں کو محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جائیں، معین الرحمن کی اجلاس میں ہدایت**

نصیر آباد (خ ن) نصیر آباد ڈویژن میں ٹرانسپورٹرز کو درپیش خدشات اور ان کی شکایت کے ازالے کیلئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن معین الرحمن خان کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں ڈی آئی جی نصیر آباد رینج ایاز بلوچ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ، ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، ڈپٹی کمشنر استا محمد ارشد حسین جمالی، ڈپٹی کمشنر جھل مگسی جہانزیب بلوچ، ایس ایس پیز عرفان علی، محمد یوسف بھنگر، دوست محمد بگٹی، سبحان مگسی، عبدالعزیز سرپرہ، اسسٹنٹ کمشنر فہد علی محمد حسنی، ٹرانسپورٹرز دوست علی لہڑی، عبدالرشید، اسلم جتوئی و دیگر بھی موجود تھے اجلاس میں دوست علی لہڑی صدر ٹرانسپورٹ جعفر آباد نے سیکورٹی صورتحال مسافروں سے لوٹ مار اور دیگر مسائل پر تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر نصیر آباد ڈویژن نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز کی شکایات اور خدشات حقائق پر مبنی ہیں جس کا تدارک انتہائی ضروری ہے لوگوں کو محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی اور امن امان کے قیام کے لیے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں تاکہ ٹرانسپورٹرز بلاخوف و خطر لوگوں کو سفری سہولیات مہیا کریں اگر کہیں بھی واردات ہو تو ٹرانسپورٹرز متعلقہ تھانے میں ایف آئی آر درج کروائیں تاکہ قانونی چارہ جوئی کی جاسکے انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز انتظامیہ کے ساتھ تعاون یقینی بنائیں تاکہ جرائم پیشہ افراد کی بیخ کنی کی جائے۔


MASHRIQ QUETTA


## اجلاس کابینہ کمیٹی 5 سال سے زائد عرصے سے لاپتہ افراد کے اہلخانہ کیلئے 50 لاکھ کا امدادی پیکیج

**کمیٹی کو جبری گمشدگیوں سے نمٹنے کے اقدامات اور جبری گمشدگیوں پر انکوائری کمیشن کے کام کا جائزہ لینے کا اختیار دیدیا گیا**

**کمیٹی نے کمیشن کو لاپتہ افراد کے حوالے سے تصدیق شدہ حقائق اور اعداد و شمار پر مشتمل جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کابینہ کمیٹی برائے جبری گمشدگی کے اجلاس میں بتایا گیا کابینہ کی ہدایت کے مطابق 5 سال...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

سے زائد عرصے سے لاپتہ افراد کے خاندانوں کو 50 لاکھ روپے تک کا مالی امدادی پیکیج دیا جائے گا، وزیر قانون سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر صدارت کابینہ کمیٹی برائے جبری گمشدگیوں کا پہلا اجلاس ہوا، وفاقی کابینہ کی تشکیل کردہ کمیٹی میں وزراء برائے قانون اور دفاع، اٹارنی جنرل اور سیکرٹری داخلہ اور قانون ڈویژن شامل ہیں، کمیٹی کو جبری گمشدگیوں سے نمٹنے کے اقدامات اور جبری گمشدگیوں پر انکوائری کمیشن کے کام کا جائزہ لینے کا اختیار دیدیا گیا، اجلاس کے دوران کمیشن کے زیر جائزہ کیسز کے حقائق اور اعداد و شمار کی تازہ ترین تفصیلات طلب کی گئیں جس کے مطابق کمیشن کے اعداد و شمار اور انسانی حقوق کی تنظیموں، سول سوسائٹی کے اعداد و شمار میں تضاد پایا گیا، کمیٹی کو بتایا گیا کمیشن کی طرف سے لیے گئے جائزے میں کئی کیسز بوگس پائے گئے، چند ایسے افراد کو اشتہاری مجرم قرار دیا گیا جو قانونی کارروائی سے بچنے کیلئے ملک سے فرار ہو گئے تھے

## بلوچستان کا واحد انڈیپینڈنٹ پاور پروڈیوسر پلانٹ بند کر دیا گیا

**آئی پی پی پاور پلانٹ حبیب اللہ کوسٹل کی فنل اتار دی گئیں، آئی پی پی پلانٹ مکمل طور پر ویران ہوگیا**

**حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ اور سوئی گیس کمپنی کے درمیان گیس کی فراہمی کا تنازعہ 2019 سے چلا آرہا تھا**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کا واحد انڈیپینڈنٹ پاور پروڈیوسر (آئی پی پی) پاور پلانٹ حبیب اللہ کوسٹل بند کر دیا گیا، پلانٹ کی فنل اتار دی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کے علاقے شیخ ماندہ میں قائم 140 میگاواٹ.... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

بجلی پیدا کرنے کی استعداد رکھنے والے حبیب اللہ کوسٹل پاور کمپنی کے پاور پلانٹ کو بند کر دیا گیا ہے۔ حبیب اللہ کوسٹل پاور پلانٹ اور سوئی گیس کمپنی کے درمیان گیس کی فراہمی کا تنازعہ 2019 چلا آرہا تھا جبکہ ای سی سی کی جانب سے پاور پلانٹ کے لائسنس کی تبدیلی کا معاملہ چار سال تک تاخیر کا شکار رہا جس کے بعد حبیب اللہ کوسٹل کمپنی کی درخواست پر 2023 میں اسکا لائسنس بھی منسوخ کر دیا گیا تھا

## گوادر میں ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے، شفقت انور شاہوانی

**اس سال تین اہم منصوبے، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ، اور اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ پر کام کا آغاز متوقع ہے**

**جی ڈی اے گوادر میں سرمایہ کاری کے لیے ضامن کے طور پر کام کر رہا ہمیں یہ یقینی بنانا ہوگا کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال اور برقرار رہے**

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) شفقت انور شاہوانی کی سربراہی میں ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز (آباد) کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کا مقصد گوادر میں جاری رہائشی منصوبوں اور ہاؤسنگ اسکیمز کی ترقیاتی پیشرفت کا جائزہ لینا تھا۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے ترقیاتی کاموں کی سست روی پر سخت ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ہوئے تمام منصوبہ مالکان کو ہدایت کی کہ وہ فوری طور پر تعمیراتی سرگرمیاں شروع کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ الاٹیز اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بحال رکھنے کے لیے ترقیاتی کاموں کی رفتار تیز کی جائے۔ شفقت انور شاہوانی نے کہا، "جی ڈی اے گوادر میں سرمایہ کاری کے لیے ضامن کے طور پر کام کر رہا ہے، اور ہمیں یہ یقینی بنانا ہوگا کہ سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال اور برقرار رہے۔" انہوں نے 2025 کو "گوادر کا سال" قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس سال گوادر کے تین اہم منصوبے، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ، اور اسپیشل اکنامک ڈسٹرکٹ پر کام کا آغاز متوقع ہے، جو علاقے کی ترقی کو ایک نئی جہت دیں گے۔ اجلاس میں سابق سینیٹر کہدہ بابر نے بھی شرکت کی اور گوادر کی ترقی کے لیے حکومتی سطح پر سرمایہ کاروں کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ بلڈرز نے اجلاس کے دوران ترقیاتی کاموں میں درپیش مشکلات بیان کیں، جن کے فوری حل کے لیے ڈائریکٹر جنرل نے متعلقہ معاملات جی ڈی اے کے دائرہ اختیار میں آنے والے مسائل کو حل کرنے اور دیگر مسائل کو حکومتی فورمز پر اٹھانے کی یقین دہانی کرائی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 2 Dated: 09 JAN 2025 Page No. 5

## بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کا آئینی ترمیمی بل قائمہ کمیٹی سے منظور

### نشستیں 65 سے 80 کی جائیں، سینیٹر ضمیر حسین، ذیلی کمیٹی کی رپورٹ اجلاس میں پیش، جنوبی پنجاب پرانا مطالبہ ہے، عون عباس بپی

### نجی میڈیکل کالجز سے اضافی وصول فیس واپس کرائی جائیں، پلوشہ خان، اوورسیز کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا جائے، قائمہ کمیٹی اوورسیز

اسلام آباد (خصوصی نمائندہ، خبرایجنسیاں) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف نے بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کے آئینی ترمیمی بل کی منظوری دیدی، سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی زیر صدارت کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کے آئینی ترمیمی بل سے متعلق بنائی گئی ذیلی کمیٹی کی رپورٹ پیش کی گئی، سینیٹر ضمیر حسین نے کہا کہ ہم نے تجویز کیا ہے کہ بلوچستان میں نشستیں 65 سے 80 (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

کی جائیں، سینیٹر کامران مرتضیٰ کا کہنا تھا بڑھانی ہیں تو قومی اسمبلی میں سیٹیں بڑھائیں، فاروق ایچ نائیک کا کہنا تھا رپورٹ میں یہ نہیں ہے کہ خواتین کی نشستیں اور اقلیتوں کی نشستیں کتنی کتنی ہوں گی، ہم اس بل کو وزارت قانون کو بھیج دیتے ہیں، اقلیت کی نشستیں زیادہ ہونی چاہییں جو بل میں کم ہے، بل میں جو ٹیبل بنایا گیا اسے منظور کر لینا چاہیے، اجلاس میں سینیٹر عون عباس بپی کی جانب سے پیش کردہ آئینی ترمیمی بل کا جائزہ لیا گیا، عون عباس نے کہا کہ پنجاب کا 40 فیصد حصہ ساؤتھ پنجاب میں رہتا ہے، ایک نیا صوبہ بننا چاہیے، ساؤتھ پنجاب کو 46 ایم این ایز کی نشستیں دی جائیں، سینیٹ میں 23 سیٹیں بڑھائی جائیں گی، صوبائی 95 سیٹیں ہوں گی، بل میں کیپیٹل ملتان لکھا ہے ہم بہاولپور بھی کرنے کو تیار ہیں، سینیٹر حامد خان نے کہا کہ جنوبی پنجاب کو صوبہ بنانا پرانا مطالبہ ہے، ہمیں ایک صوبہ بنانے کی ضرورت ہے، وہ ہے گلگت بلتستان، اس کو علیحدہ صوبہ بنانا مناسب ہوگا، سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ اگر ایڈمنسٹریٹو ضرورت ہے تو صوبے بنائیں، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری کا وفاقی وزیر قانون کی عدم موجودگی پر اعتراض اٹھایا گیا، اجلاس میں فیملی کورٹس ترمیمی بل 2024 کا جائزہ لیا گیا، کمیٹی نے بل پر ذیلی کمیٹی تشکیل دیدی اور 15 دنوں میں رپورٹ طلب کرلی، ادھر سینٹ کی قائمہ کمیٹی صحت کی ذیلی کمیٹی کی کنوینر پلوشہ خان نے ایک بار پھر پی ایم ڈی سی سے کہا ہے کہ پرائیویٹ میڈیکل کالجز کی طرف سے سال 2024ء کے طلبا سے وصول کردہ اضافی فیسیں واپس کرائیں، پی ایم ڈی سی کو ڈنڈا چلانا پڑے گا جو کالج بات نہیں مانتا انکو بند کردیں، انہوں نے کہا آئندہ دو ہفتوں میں وصول کردہ اضافی فیسوں واپسی کا لائحہ عمل پیش کریں، علاوہ ازیں سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے اوورسیز پاکستانیز نے وزارت سمندر پار پاکستانیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ یو اے ای جانے والے ان پاکستانیوں کے معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھے جن کی دستاویزات مکمل ہیں، کمیٹی نے سفارش کی کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا جائے۔

## علی مدد جتک کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی حاجی علی مدد جتک کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا، الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ایک اعلامیے کے مطابق بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 45 کوئٹہ 8 سے پیپلز پارٹی کے حاجی علی مدد جتک کامیاب قرار پائے ہیں، مذکورہ حلقہ کے 15 پولنگ اسٹیشنز پر 5 جنوری کو ری پولنگ ہوئی تھی۔

INTEKHAB QUETTA

## مسلح افراد نے لیویز تھانہ سے اسلحہ گاڑیاں اور سرکاری ریکارڈ کو بھی قبضے میں لے لیا، نعیم خان بازئی

### سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کردی ہے، کمشنر قلات ڈویژن

کوئٹہ (یو این اے) کمشنر قلات ڈویژن نعیم خان بازئی نے کہا ہے کہ مسلح افراد نے لیویز تھانہ سے اسلحہ گاڑیاں اور سرکاری ریکارڈ کو بھی قبضے میں لے لیا 80 کے قریب مسلح افراد گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں پر بازار میں داخل ہوئے لیویز اور ایف سی کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی ہے سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کردی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں میڈیا سے بات چیت کے موقع پر کہی بقیہ نمبر 63 صفحہ 5 پر

محمد نعیم بازئی نے کہا ہے کہ مسلح افراد نے موبائل ٹاور، میونسپل کارپوریشن کے ریکارڈ کو بھی نقصان پہنچایا جبکہ انہوں نے لیویز تھانہ سے اسلحہ گاڑیاں اور سرکاری ریکارڈ کو بھی قبضے میں لے لیا 80 کے قریب مسلح افراد گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں پر بازار میں داخل ہوئے لیویز اور ایف سی کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی ہے سیکیورٹی فورسز نے علاقے کی ناکہ بندی کردی ہے۔ مسلح افراد کی گرفتاری کے لیے تمام داخلی اور خارجی راستوں کی ناکہ بندی کردی گئی ہے اور علاقے کو کلیر کردیا ہے جبکہ ملزمان کی تلاش ابھی جاری ہے۔

## الایمان ہسپتال سرکاری ہسپتال قرار دینے کی خبر گمراہ کن ہے، ترجمان محکمہ صحت

### غلط اور گمراہ کن سوشل میڈیا پوسٹ پر قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ اداروں سے رجوع کرلیا ہے، تردیدی بیان

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ صحت بلوچستان کے ترجمان نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ الایمان ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن محکمہ صحت حکومت بلوچستان کا سرکاری ہسپتال نہیں ہے بلکہ مذکورہ اسپتال نجی حکومت کا ہے سوشل میڈیا پر الایمان ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن کو سرکاری ہسپتال قرار دینے کی خبر گمراہ کن حقائق اور اصل صورتحال کے برعکس ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا اکاؤنٹ نے ان حقائق کی تصدیق محکمہ صحت کے حکام سے نہیں کی بلکہ اس بابت صحافت کے قوانین کی سنگین خلاف ورزی کی گئی بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

ہم حقائق کی جانچ کی یہ کمی ذمہ دارانہ سوشل میڈیا صحافت کے اصولوں کے منافی سمجھتے ہیں اس خبر نے عوام میں غیر ضروری الجھن اور تشویش میں اضافہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر الایمان ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن محکمہ صحت حکومت بلوچستان کا سرکاری ہسپتال قرار دینے کا پروپیگنڈا باعث افسوس ہے بلکہ محکمہ صحت بلوچستان نے غلط اور گمراہ کن سوشل میڈیا پوسٹ پر قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ اداروں سے رجوع کرلیا ہے۔

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 09 JAN 2025 Page No. 6


# منشیات کے استعمال سے نوجوان نسل تباہی کی جانب گامزن ہے، منیر احمد کاکڑ

## منشیات فروشوں کے خلاف فوری ایکشن لیں، کھلے عام شراب خانے چلانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

## اسکول کالجز انتظامیہ منشیات کے خلاف مہم چلائیں تاکہ ہم اپنی نوجوان نسل کو معاشرتی برائیوں سے روک سکیں

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ نارکوٹکس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس افسر نعیم جان پٹھان، حساس اداروں کے نمائندگان، کے علاوہ نذر محمد، پروفیسر محمد ابراہیم ابڑو ڈی ایس پی سرکل سید مختیار شاہ پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم فیصل اقبال کھوسہ بوائز ڈگری کالج کے وائس پرنسپل خادم سلطان ڈپٹی کمشنر کے پی اے منظور شیرازی بابو شکر تنیو سمیت دیگر شریک تھے اجلاس کے موقع پر ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس آفیسر نعیم جان پٹھان نے ضلع بھر میں منشیات کے خلاف کی گئی کاروائیوں کے حوالے سے تفصیل سے آگاہی فراہم کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ منشیات کی بے دریغ استعمال کی وجہ سے ہماری نوجوان نسل تباہی کی جانب گامزن ہے جس کے خلاف فوری موثر انداز میں کاروائی کرنا وقت کی ضرورت بن چکا ہے کھلے عام شراب نوشی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی نوجوان نسل کو اس تباہی سے بچانے کے لیے تمام مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ نوجوانوں کو اس بری لت سے محفوظ رکھا جاسکے اس حوالے سے اسکولز اور کالجز میں منشیات کے نقصانات کے حوالے سے شعور بیدار کیا جائے اور مختلف ایونٹس کے ذریعے بچوں میں اس خطرناک برائی کی روک تھام کے حوالے سے اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ پولیس اور ایکسائز منشیات فروشوں کے خلاف فوری ایکشن لیں کھلے عام شراب خانے چلانے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی اسکول کالجز انتظامیہ منشیات کے خلاف مہم چلائیں تاکہ ہم اپنی نوجوان نسل کو معاشرتی برائیوں سے روک سکیں اس حوالے سے ہمیں مزید محنت کرنے کی اشد ضرورت ہے اس کے ساتھ ساتھ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھیں اور اپنے بچوں کو اس منشیات جیسی لعنت سے محفوظ رکھنے کیلئے بہترین والدین کا کردار ادا کریں۔

# اس سال چمن میں 5 لاکھ درخت اور پودے لگائے جائینگے، ڈی سی چمن

## اس مقصد کیلئے طلباء، سوشل آرگنائزیشن دیگر تنظیموں عوام اور میڈیا کی خدمات حاصل کی جائیں گی، حبیب بنگلزئی

## جنگلات، باغات کی کٹائی سے ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ اور مختلف قسم کی بیماریاں پیدا ہوئی ہیں، اجلاس سے خطاب

چمن (خ ن) بلوچستان حکومت کی خصوصی احکامات پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت 2025 شجرکاری مہم کے حوالے سے ڈی سی آفس میں اجلاس منعقد کیا گیا اجلاس میں ڈی سی نے اس سال ضلع چمن میں تقریباً پانچ لاکھ مختلف قسم کے درخت اور پودے لگانے کے حوالے سے تفصیلی معلومات فراہم کی گئیں اجلاس میں ڈی ایف او، ڈی ڈی زراعت ایکسٹینشن، سی ایس ایچ کیو، کنسورشیم ممبرز، جان فاؤنڈیشن، 11 پنجاب، ڈی ای او، پی ڈی کیڈٹ کالج، ڈی ایف او، ڈی ڈی زراعت، جان فاؤنڈیشن، ایکسین بی اینڈ آر، پرنسپلز بوائز اینڈ گرلز کالجز، میڈیا نمائندے انتظامیہ افسران اور دیگر متعلقہ افسران شریک تھے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مختلف قسم کے درخت اور پودے جس میں امریکن سارو، کنر، ایرانی کیکر، لیگ سٹرم مختلف قسم کی میوجات کی درختیں اور پودیں اور علاقے کی آب و ہوا سے مطابقت رکھنے والے دیگر درخت لگانے جانے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی چمن نے کہا کہ علاقے بلکہ پورے صوبہ میں جنگلات باغات وغیرہ کی کٹائی اور کمی کی وجہ سے موسمیاتی تغیر اور ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے مختلف قسم کی بیماریاں اور تکالیف اور مشکلات پیدا ہوئی ہیں جس پر قابو پانے کے لیے اس سال چمن میں تقریباً پانچ لاکھ کے قریب مختلف قسم کے درخت اور پودے لگائے جائیں گے اور ڈی سی چمن نے درخت اور پودے لگانے کی اہمیت اور افادیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے سکول کے بچوں سوشل آرگنائزیشن دیگر تنظیموں عوام اور میڈیا کی خدمات حاصل کی جائیں گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 09 JAN 2025 Page No. 8

## زرعی بلوچستان کو حکمرانوں کی نااہلی نے تباہ کردیا' جماعت اسلامی

### 35ہزار ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقلی کے عملی اقدامات کیے جائیں' مولانا ہدایت الرحمن

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ زرعی بلوچستان کو مقتدر قوتوں حکمرانوں کی نااہلی ناکامی و بدعنوانی نے تباہ کر کے رکھ دیا ہے زمینداروں سے کیے گیے وعدے 8 ماہ گزرنے کے باوجود وفا نہیں ہوئے ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقلی سے زمینداروں کے مسائل میں کمی آسکتی ہے حکام بالا سے بات اور اسمبلی میں آواز بلند کرونگا 35 ہزار ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقلی کے عملی اقدامات کیے جائیں بلوچستان کے عوام سے سوتیلی ماں کا سلوک کب تک جاری رہے گا جماعت اسلامی حقوق کے حصول کیلئے بلوچستان کے عوام، قائدین، علماء کرام، قبائلی سربراہان، زمیندار وطلباء اور نوجوانوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کریں گے حقوق نہ ملی تو ایک لاکھ افراد کو کوئٹہ میں جمع کر کے بھرپور احتجاج کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے زمیندار ایکشن کمیٹی قلعہ سیف اللہ کے چیئرمین عبداللہ جان میرزئی، جماعت اسلامی قلعہ سیف اللہ کے جنرل سیکرٹری عبدالحکیم مردانزئی کی قیادت میں ملنے والے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا وفد میں محمد نور، زین اللہ، ملک عبدالبشیر، ملک عبدالرشید، عبدالصادق، محمد ولی کاکڑ ودیگر شامل تھے اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ اسامہ ہاشمی بھی موجود تھے۔

## سیاسی سرگرمیوں پر پابندی' نوجوانوں کو سیاست سے متنفر کرنیکا منصوبہ ہے' اے این پی

### جمہوری دور میں جمہوریت کی پامالی ہے' بیان میں تعلیمی اداروں میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی پر اظہار حیرت

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں صوبائی حکومت کی جانب سے تعلیمی اداروں میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی کے نوٹیفکیشن کے اجراء پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ منطق سمجھ سے بالاتر ہے کہ قوم کے معمار سیاست کو نہیں اپنا سکتے گو کہ اس ملک کو صرف سیاست اور اہل سیاسی قیادت ہی چلانے کی استعداد رکھتی ہے، یہ عمل طالب علموں کو سیاست اور سیاسی سرگرمیوں سے متنفر کرنے کے منصوبے کا حصہ ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ امر افسوسناک ہے کہ ایک جمہوری دور میں جمہوریت کے بنیادی اصولوں کی پامالی ہو رہی ہے، وہ طبقہ جس نے مستقبل میں ملک کی باگ ڈور سنبھالنی ہے اسے سیاسی سوجھ بوجھ سے متنفر کرنے کے کسی صورت مثبت اور دیرپا نتائج برآمد نہیں ہوسکتے۔

MASHRIQ QUETTA

## دہشتگردوں نے کوئٹہ ژوب شاہراہ کو یرغمال بنالیا، پشتون جماعتیں

### مسعود خان کاکڑ کی شہادت جمعہ رحیم کے اغواء کی جتنی مذمت کا جائے کم ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتون ملتپال سیاسی جمہوری پارٹیوں عوامی نیشنل پارٹی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، اور نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کوئٹہ ژوب اہم قومی شاہراہ گوال اسماعیل زئی سے مسلح دہشتگردوں کی جانب سے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے فعال رکن مسعود خان کاکڑ کی شہادت کے المناک اور ڈاکٹر امین خان کے بھائی جمعہ رحیم کے اغواء برائے تاوان کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

اس سلسلے میں آئندہ لائحہ عمل طے کرنے کیلئے پشتون ملتپال سیاسی جمہوری پارٹیوں کا اجلاس کل بروز جمعہ 10 جنوری شام 04 بجے منعقد ہوگا جس میں پارٹیوں کے رہنما شرکت کرینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مسلح دہشتگردوں نے کوئٹہ ژوب شاہراہ کو پوری طرح سے یرغمال بنایا ہے اور آئے روز دہشتگردی کے واقعات پیش آرہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک کے استعماری حکمرانوں کی غلط خارجہ وداخلہ پالیسیوں کے سبب آج پشتونخوا وطن آگ وخون میں جل رہا ہے آئے روز دہشتگردی، بم دھماکوں، خودکش حملوں کے نہ رکنے والے واقعات ہو رہے ہیں اور یہ سب کچھ حکمرانوں کی گزشتہ نصف صدی سے جاری انتہا پسندی اور دہشتگردی کو پروان چڑھانے اور دہشتگردوں کی پشت پناہی کرنے اور ان کی کمین گاہیں قائم کرنے اور ان کو مکمل سپورٹ کرنے سے دہشتگردی کے واقعات کو مزید تقویت مل رہی ہے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ جمعہ رحیم کی فوری بازیابی کو ممکن بنایا جائے اور واقعہ میں ملوث دہشتگردوں کو خلاف مؤثر و جامع کاروائی کرنے کے ساتھ ساتھ دہشتگردوں وانتہا پسندوں کی پشت پناہی ترک کی جائے۔

## معذور افراد کی مدد کے لئے لوگوں کو آگے آنا ہوگا، سردار یار محمد رند

### اسپیشل افراد کی فلاح وبہبود سمیت انسانیت کی خدمت سے دلی خوشی ہوتی ہے، سینئر پارلیمنٹرین

سبی (اے این این) رند قبائل کے سربراہ سینئر پارلیمنٹرین چیف آف رند سردار یار محمد نے کہا ہے کہ اسپیشل لوگوں کے مسئلہ مسائل کے حل کے لئے میرے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں بلوچستان سندھ سمیت ملک بھر میں بسنے والے رند قبائل اسپیشل لوگوں کی مدد بھرپور مدد کرکے ان کے مسئلہ مسائل ومشکلات کو حل کیا کریں کئی ایسے معذور افراد ایسے بھی ہے جن کو مدد کی اشد ضرورت ہے اسپیشل افراد فلاح وبہبود سمیت انسانیت کی خدمت کر کے دلی خوشی ہوتی......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ہے چیف آف رند سردار یار محمد رند کا کہنا تھا کہ اسپیشل افراد کے مسئلہ مسائل کے حل کے لئے ہمیشہ کھلے ہیں اپنے دور اقتدار میں اسپیشل افراد سمیت بلوچستان کے نوجوانوں کو بلا رنگ ونسل ملازمتیں دی تاکہ وہ روزگار حاصل کرسکیں انہوں نے کہا کہ معذور افراد کی مدد کے لئے لوگوں کو آگے آنا ہوگا کیونکہ معاشرے میں ایسے کئی افراد معذوری کی زندگی بسر کر رہے ہیں جن کو مدد کی اشد ضرورت ہے چیف آف رند سردار یار محمد رند نے کہا کہ اسپیشل افراد سمیت انسانیت کی خدمت کرکے دلی سکون ملتا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 09 JAN 2025 Page No. 9


## کوئٹہ، مفت راشن تقسیم کرنے کی تقریب میں بدانتظامی، خواتین کی دھکم پیل

### رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ کی جانب سے راشن تقسیم کرنے کی تقریب میں سینکڑوں خواتین کی شرکت، طویل انتظار کے بعد اچانک بھگدڑ مچنے سے خواتین خالی ہاتھ لوٹ گئیں

### رکن اسمبلی تقریب سے خطاب کے بعد روانہ ہوگئیں، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین نے صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے راشن تھیلوں میں بھر کر گھروں کو لے گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) رکن صوبائی اسمبلی کی جانب سے راشن تقسیم کرنے کے نام پر خواتین کی تذلیل، مستحقین کے نام پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے ملازمین نے ہاتھ صاف کرلیا، بدانتظامی اور دھکم پیل کرکے متعدد خواتین کو خالی ہاتھ واپس بھیج دیا گیا، عوامی حلقوں کا اس طرح کے رویئے پر اظہار تشویش، خواتین کی تذلیل کا سلسلہ روکنے کا مطالبہ کردیا۔ تفصیلات کے مطابق رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ کی جانب سے منگل کے روز 500 غریب اور نادار خواتین کی معاونت کے سلسلے میں راشن تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، سریاب روڈ و ملحقہ علاقوں سے خواتین نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کا رخ بقیہ نمبر 37 صفحہ 5 پر

کیا اور شدید سردی کے باوجود سبزہ زار میں بیٹھ کر راشن کا انتظار کرتے رہے۔ راشن کی تقسیم کے دوران بدانتظامی کی وجہ سے بھگدڑ مچ گئی اور پروگرام بدنظمی کا شکار ہوگیا۔ رکن صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ نے ابتدائی تقریر کی اور اور خواتین کو بے یار و مددگار چھوڑ کر وہاں سے نکل گئیں۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ملازمین نے موقع بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے خوب ہاتھ صاف کردیئے، بوریوں میں پیک راشن اور امدادی سامان لوٹ کر اپنے دفاتر اور گاڑیوں میں لے جاتے رہے، ڈیجیٹل میڈیا نے ان ملازمین کے ویڈیو بھی بنائے مگر اس کے باوجود وہ پیچھے نہیں ہٹے۔ ستم ظریفی کی بات یہ ہے کہ اتنی بڑی تعداد میں خواتین کو بلانے کے باوجود انتظامات نہیں کئے گئے تھے موقع پر موجود پولیس اہلکار بھی مردوں کا ساتھ دیتے نظر آئے اور انہوں نے کسی کو خاطر میں لائے بغیر مستحقین کیلئے لائے گئے راشن لے جانے والوں کی معاونت کرتے رہے۔ سماجی و سیاسی رہنما شاہ درانی نے روزنامہ انتخاب سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ مستحقین کی معاونت وقت کی ضرورت ہے اس کرنے کے لئے منصوبہ بندی کرکے ضرورت مندوں کی نشاندہی کرکے مستحقین میں ٹوکن تقسیم کرکے انہیں بلایا جاتا ہے۔

## آپسر سے لاپتہ سگے بھائیوں کے اہلخانہ کی ریلی، نعرے بازی

### مقدمہ درج نہ کیا گیا تو تھانہ کے سامنے دھرنا دیں گے، پریس کانفرنس

تربت (بیورو رپورٹ) آپسر سے لاپتہ کیے گئے دو بھائیوں کے فیملی کی تربت میں ریلی اور پریس کانفرنس، ایف آئی آر درج نہ کی گئی تو پولیس تھانہ کے سامنے دھرنا دیں گے۔ تربت آبسر بنڈے بازار سے لاپتہ کیے گئے فاروق اسحاق اور شیر جان اسحاق کی فیملی سے تعلق رکھنے والی خواتین کی بڑی تعداد نے بدھ کو آپسر سے ریلی نکالی اور نعرہ بازی کرتے ہوئے تربت پریس کلب پہنچ کر فاروق، شیر جان اور شمس بلوچ کی جبری گمشدگی اور گذشتہ شب گھر پر چھاپہ کے دوران فاروق اور شیر جان کی جبری گمشدگی کے بعد پولیس کی طرف سے ایف آئی آر درج نہ کرنے کے بارے میں میڈیا کو آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ 7 جنوری کی صبح پانچ بجے کو سیکورٹی فورسز نے آپسر بنڈے بازار میں چھاپہ مار کر دونوں بھائیوں شیر جان اور فاروق کو گھر سے گرفتار کرنے کے بعد لاپتہ کردیا اور ان کے بارے میں ہمیں ابھی تک کوئی معلومات تک نہیں دی بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

جاری اور نا ہی پولیس ہماری ایف آئی آر درج کررہی ہے جو بطور شہری ہمارے بنیادی حقوق اور آئین پاکستان کی خلاف ورزی ہے۔ ان کا کہنا تھا شیر جان اور فاروق کے بھائی شمس اسحاق 7 جولائی 2021 کو جبری لاپتہ کیے گئے جو تاحال لاپتہ ہیں ان کے بارے میں بھی ہماری فیملی کو کچھ نہیں معلوم کہ وہ کس حال میں ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ وہ اس جبری گمشدگی کے خلاف سی ٹی ڈی کے خلاف ایف آئی آر کی درخواست دیں گے اگر پولیس نے ایف آئی آر درج نہ کی تو مجبوراً ہم تربت پولیس اسٹیشن کے سامنے احتجاجاً دھرنا دیں گے۔ خواتین نے مذید کہا کہ دونوں بھائی اپنے علاقے میں محنت مزدوری کرکے گھر چلاتے تھے ان کا سیاسی یا غیر قانونی سرگرمیوں سے تعلق نہیں تھا مگر پھر بھی سیکیورٹی ادارے اگر سمجھتے ہیں کہ ان سے کوئی ایسا جرم سرزد ہوا ہے جس کی قانون میں سزا بنتی ہے تو ہم اپیل کرتے ہیں کہ انہیں عدالتوں میں پیش کرکے ان پر جرم ثابت کیا جائے اور قانون و آئین کے تحت انہیں سزا دی جائے۔ پریس کانفرنس میں 8 دسمبر 2024 کو لاپتہ افضل منظور اور شاہ زیب اللہ داد کے لواحقین بھی موجود تھے انہوں نے اپنے پیاروں کی باحفاظت بازیابی کا مطالبہ کیا۔

## اختر مینگل کی تجویز پر وڈھ پلی ماس روڈ پر ترقیاتی کام جاری ہیں، آغا حسن

### یہ منصوبہ تقریباً 50 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہو رہا ہے، مرکزی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور سابق وفاقی وزیر آغا حسن ایڈووکیٹ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سردار اختر جان مینگل کی تجویز پر وڈھ پلی ماس روڈ پر ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہیں، جس کی تجویز بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی طرف سے دی گئی تھی اور اس کی منظوری سابق رکن صوبائی اسمبلی میر محمد اکبر مینگل کی کوششوں سے صوبائی بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

پی ایس ڈی پی میں شامل کی گئی۔ یہ منصوبہ تقریباً 50 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل ہو رہا ہے، جس کا مقصد علاقے کے عوام کو بہتر سفری سہولتیں فراہم کرنا ہے۔ پلی ماس روڈ وڈھ کے مختلف دیہی علاقوں کو مرکزی سڑکوں سے جوڑنے کا ایک اہم منصوبہ ہے، جو ان علاقوں کے رہائشیوں کے لیے نہ صرف سفر کو آسان بنائے گا بلکہ ان کی معاشی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 09 JAN 2025 Page No. 10


## زہری: مسلح افراد نورگامہ بازار میں داخل، لیویز تھانہ نذر آتش

**املاک کو نقصان پہنچایا، اسلحہ اور ریکارڈ لے گئے**

**مسلح افراد نے راستوں پر قبضہ کرلیا، ڈی سی خضدار بھاری نفری کے ہمراہ زہری پہنچ گئے، علاقے کی ناکہ بندی**

خضدار (نامہ نگار) نامعلوم مسلح افراد تحصیل زہری کے ہیڈ کوارٹر نورگامہ بازار میں داخل ہو گئے۔ علاقے کی ناکہ بندی کر کے سرکاری املاک، نجی بینک اور نادرا آفس کو نقصان پہنچانے کے بعد لیویز تھانے کو نذر آتش کر کے گاڑیاں، اسلحہ اور ریکارڈ بھی اپنے ساتھ لے گئے زہری سے آمدہ اطلاعات کے مطابق گزشتہ روز دن بارہ بجے کے قریب گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں پر سوار نامعلوم مسلح افراد نورگامہ زہری بازار میں داخل ہوگئے۔ بازار اور علاقے کے داخلی و خارجی راستوں کو اپنے قبضے میں لے لیا بعد ازاں سرکاری املاک، نجی بینک، نادرا آفس میں داخل ہو گئے اور املاک کو نقصان پہنچایا بعد ازاں لیویز تھانہ میں داخل ہو گئے اور تھانے کو اپنے کنٹرول میں لے کر ریکارڈ اور اسلحہ قبضے کر کے عمارت کو نقصان پہنچایا۔ سرکاری ریکارڈ اور گاڑیوں کو قبضے میں لے کر گاڑیوں اور موٹرسائیکلوں پر فرار ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈپٹی کمشنر خضدار یاسر اقبال دشتی کی نگرانی میں لیویز ایف سی اور قانون نافذ کرنے والے دیگر فورسز کی بھاری نفری علاقے میں پہنچ گئی شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ لگا کر مسلح افراد کی تلاش شروع کر دی گئی۔ دوسری جانب مقامی انتظامیہ نے واقعہ کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ تفصیلات اکٹھی کی جارہی ہیں۔

## کوئٹہ: مسلح افراد کا شاپنگ سنٹر پر دھاوا، فائرنگ سے تاجر جاں بحق

**واقعہ ملاخیل آباد میں دشمنی کی بنیاد پر پیش آیا، مسلح افراد ڈنڈوں سے بھی لیس تھے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشرقی بائی پاس پر ڈنڈا بردار اور مسلح افراد کا شاپنگ سنٹر کی ایک دکان پر دھاوا فائرنگ سے تاجر جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق مشرقی بائی پاس کے علاقے ملاخیل آباد کا رہائشی شیر محمد ولد عید محمد گزشتہ روز مشرقی بائی پاس واقعہ شاپنگ سنٹر میں اپنی دکان میں بیٹھا ہوا تھا کہ ڈنڈا بردار اور مسلح افراد نے دکان پر دھاوا بولتے ہوئے ڈنڈوں سے حملہ کیا اور فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے جس کے نتیجے میں شیر محمد موقع پر ہی ہلاک ہوگیا۔

## قلعہ سیف اللہ: فائرنگ سے ایک نوجوان ہلاک، دوسرا اغوا

**واقعہ گوال اسماعیل زئی میں پیش آیا، قبائل کا احتجاج، قومی شاہراہ بلاک کردی**

کوئٹہ/ژوب (اسٹاف رپورٹر/ نامہ نگار) قلعہ سیف اللہ میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے نوجوان کو ہلاک اور اس کے دوست کو اغوا کرلیا، واقعہ کیخلاف قبائل نے قومی شاہراہ بلاک کردی۔ لیویز کے مطابق قلعہ سیف اللہ کے علاقے گوال اسماعیل زئی کے رہائشی دو نوجوان دوست مسعود خان اور جمعہ رحیم گزشتہ روز بازار جارہے تھے کہ نامعلوم افراد نے ان پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں مسعود خان موقع پر جاں بحق جبکہ دوست جمعہ رحیم کو اغوا کر کے لے گئے اطلاع ملنے پر لیویز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی گئی جبکہ لیویز نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔ واقعہ کیخلاف عبداللہ زئی کاکڑ قبیلے کے افراد نے کوئٹہ قومی شاہراہ کو بلاک کردیا گیا آخری اطلاعات تک شاہراہ بند تھی۔

## ماتھی پور کے تاجر سے 15 لاکھ روپے چھین لیے گئے

ماتھی پور (این این آئی) ماتھی پور کے رہائشی تاجر مجیب الرحمن کھوسہ سے نامعلوم موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے دن دیہاڑے تحصیل سندھ کے مین بازار میں مبینہ طور پر 15 لاکھ روپے لوٹ لیے اور جاتے ہوئے فائر کر کے تاجر کو زخمی کردیا۔

## ہرنائی سے چوری کی موٹرسائیکلیں برآمد، ملزمان گرفتار

ہرنائی (نامہ نگار) ہرنائی پولیس نے دوران کارروائی دو مسروقہ موٹرسائیکلیں برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

## استامحمد کھیرتھر کینال میں پانی کا بڑا شارٹ فال حکام بے بس زمیندار پریشان

**ربیع سیزن میں پانی کی کمی سے گندم کی فصل تباہ ہوجائیگی، زمیندار ایسوسی ایشن، سندھ اری گیشن حکام کو آگاہ کردیا، ایکس ای این**

استا محمد (نامہ نگار) کھیرتھر کینال میں ربیع سیزن کا بڑا شارٹ فال لاکھوں ایکڑ پر گندم کی کھڑی فصل کو پانی کی شدید کمی کا سامنا سرتوڑ کوششوں کے بعد بھی شارٹ فال پر قابو نہ پایا جا سکا اری گیشن حکام نے ہاتھ کھڑے کردیئے جبکہ زمیندار پریشان ہیں ایکس ای این کھیرتھر کینال مہر اللہ انصاری کے مطابق سکھر بیراج کے پانڈ لیول میں اچانک کمی آنے سے بیراج سے نہروں میں پانی کی فراہمی کا نظام شدید متاثر ہوا ہے انہوں نے جنگ کو بتایا ہے کہ سندھ اری گیشن کو اس بارے تحریری طور پر آگاہ بھی کردیا گیا ہے تاہم مین کینال میں پانی کی سپلائی کو ٹریک پر لانے کے لئے ہنگامی بنیادوں پر قدامات کئے جارہے ہیں ادھر زمیندار ایسوسی ایشن کے ترجمان حاکم علی جمالی نے کینال میں شارٹ فال کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خریف سیزن میں عام طور پر پانی کی کمی کے سبب ہماری کاشت متاثر ہوتی رہی ہے لیکن ربیع سیزن میں پہلی مرتبہ ایسا شارٹ فال دیکھا جارہا ہے سندھ اری گیشن کی مبینہ بدنیتی کے سبب بلوچستان کی زراعت کو تباہ کرنے کی مذموم کوشش کی جارہی ہے بیراج کے پانڈ لیول کا بہانہ بنا کر بلوچستان کے حصے کے پانی پر ہاتھ صاف کیا جارہا ہے جبکہ سندھ کہ نہروں میں پانی کی روانی مطلوبہ سطح پر چل رہی ہے محض بلوچستان کو مشق ستم بنایا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ اگر دو سے تین روز تک کینال میں پانی کی کمی کو پورا نہ کیا گیا تو لاکھوں ایکڑ پر گندم کی فصل ضائع ہوجائیگی انہوں نے سیکرٹری اری گیشن، وزیراعلی اور چیرمین ارسا سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کی زراعت کو درپیش خطرات سے بچانے کے لئے کینال میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## سریاب کلی سردہ میں نکاسی آب کا نظام مفلوج گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا

**بار ہا آگاہ کرنے کے باوجود شنوائی نہیں ہوئی، ترجمان سریاب یوسف وقار شاہوانی**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے اپنے ایک پریس ریلیز میں کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے وسطی علاقہ سریاب کلی سردہ کے ملحقہ گلیوں میں گندگی کے ڈھیر لگ گئے ہیں کچرا نالیوں میں پھنس جانے کے باعث نکاسی آب کا نظام جام ہو گیا ہے گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگا، شہریوں کو آمد و رفت میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جے یو آئی کے ترجمان سریاب یوسف وقار شاہوانی نے کہا کہ آئے روز نالیاں بند ہونے سے گندہ گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگتا ہے جس کے بعد شہریوں کو آمد و رفت میں انتہائی دشواری سمیت شدید تعفن پھیل رہا ہے انہوں نے کہا کہ طویل عرصے میٹروپولیٹن کی عملہ صفائی سے مکمل طور پر غائب ہے بار بار اخباری بیانات کے ذریعے بالائی حکام کو آگاہ کیا مگر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی جبکہ اہل علاقہ شدید ذہنی اذیت کا شکار ہے انہوں نے کہا کہ اپنی مدد آپ کے تحت نالیوں سے کچرا نکالتے ہیں مگر کچرے کو ٹھکانے لگانے کا باقاعدہ کوئی انتظام نہ ہونے کے باعث کچرہ پھر سے نالیوں میں پھنس جاتا ہے اور گندا پانی سڑکوں پر بہنے لگ جاتا ہے جس کے بعد خواتین و بچوں خصوصاً نمازیوں کو آمد و رفت میں شدید دشواری کا سامنا ہے کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور ایڈمنسٹریٹر حمزہ شفقت سے اپیل کرتے ہیں کہ سریاب کے علاقہ کلی سردہ کی نالیوں کی صفائی کے لیے احکامات جاری کیے جائے اور عملہ صفائی کو پابند کیا جائے کہ وہ باقاعدگی سے علاقہ میں صفائی اور کچرہ کو ٹھکانے لگانے کے لیے بروقت اقدامات کو یقینی بنائیں

## مسلم اتحاد کالونی میں گیس پریشر بحال نہیں ہو سکا، عوام سخت پریشان

**یقین دہانی پر احتجاجی دھرنا موخر کیا، سوئی گیس انتظامیہ وعدہ خلافی کررہی ہے، قاری مہر اللہ**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ مولانا قاری عبدالولی فاروقی نے کہا کہ مسلم اتحاد کالونی گیس پریشر کی پر گیس انتظامیہ بار بار آگاہ کرنے کی باوجود اور وعدہ خلافی پر ہم کو احتجاج پر مجبور کررہی ہے سوئی سدرن گیس کمپنی کی من مانیاں عوام کیلئے وبال جان بن چکی ہیں۔ گیس حکام مسلم اتحاد کالونی گیس پریشر کی مسئلہ کو سنجیدگی سے نہیں لیا جارہا ہے گیس انتظامیہ کی یقین دہانی پر ہم نے احتجاجی دھرنا موخر کیا لیکن مسئلہ اسی........ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

طرح سرد مہری کا شکار رہا انہوں نے کہا کہ سخت سردی کی موسم میں عوام کو گیس سے محروم رکھنا ظلم کی انتہا ہے مسلم اتحاد کالونی شہر کی وسط میں ہزاروں کی تعداد میں گھر اس ترقی کی دور میں گیس سے محروم ہیں گیس نہ ہونے کے باعث خواتین کو کھانا بنانے سمیت امور خانہ داری میں شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

Dated: 09 JAN 2025

Page No. 12


## انسانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے سخت اقدامات کا فیصلہ خوش آئند اقدام

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں انسانی سمگلنگ کے تمام گروہوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے تاکہ وہ نشان عبرت بنیں۔ اپنی زیرصدارت ملک میں انسانی سمگلنگ کے خلاف لیے گئے اقدامات کے حوالے سے جائزہ اجلاس کے دوران شہباز شریف نے انسانی سمگلنگ میں ملوث سرکاری اہلکاروں کے خلاف لیے گئے حالیہ اقدامات پر ایف آئی اے کو سراہا اور کہا کہ سہولت کاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کے بعد سخت تعزیری اقدامات بھی لیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی سمگلروں کی جائیدادوں اور اثاثوں کی ضبطگی کے لئے فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، اس مکروہ دھندے میں ملوث تمام افراد کے خلاف استغاثہ کے عمل کو مزید موثر بنایا جائے، وزارت قانون وانصاف سے مشاورت کے بعد اعلیٰ ترین درجے کے وکلاء تعینات کیے جائیں۔ دفتر خارجہ بیرون ملک سے انسانی سمگلنگ کا دھندہ چلانے والے پاکستانیوں کے لیے متعلقہ ممالک سے رابطہ کرے اوران کی پاکستان حوالگی کے حوالے سے جلد از جلد اقدامات اٹھائے۔ وزارت اطلاعات، وزارت داخلہ کے تعاون سے عوام میں بیرون ملک نوکریوں کے لیے صرف قانونی راستے اختیار کرنے کی آگاہی مہم چلائیں۔ ملک میں ایسے ٹیکنیکل ٹریننگ اداروں کی ترویج کی جائے جو عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق سرٹیفائیڈ پیشہ ورافراد بیرون ملک مارکیٹ کو فراہم کرسکیں۔ ہوائی اڈوں پر بیرون ملک جانے والے افراد کی سکریننگ کا عمل مزید موثر بنایا جائے۔

انسانی سمگلنگ ملک وقوم کے لیے المیہ ہی نہیں بلکہ معاشرے کے لیے ناسور بھی ہے۔ ہر سال ہزاروں لوگ غیر قانونی طریقوں سے ملک سے باہر جانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان میں سے کئی سمندر کی بپھری ہوئی لہروں کی نذر ہو جاتے ہیں۔ کئی صحرا کی تاریک راتوں میں بھٹک کر مر جاتے ہیں۔ کئی کو ان ممالک کے کوسٹ گارڈ والے فائرنگ کر کے مار دیتے ہیں جس ملک کی غیر قانونی طور پر انسانی سمگلروں کے بھیجے ہوئے مجبور لوگ سرحد عبور کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کی تعداد ایک کروڑ کے قریب بتائی جاتی ہے۔ ان میں ہر دو طریقوں سے جانے والے لوگ شامل ہیں۔ قانونی طریقے سے اور غیر قانونی ذرائع اختیار کر کے جانے والے۔

یونان کشتی حادثہ میں جون 2023ء میں یونان کے قریب پیش آنے والے اس حادثے میں تقریباً 600 سے زائد افراد ہلاک ہوئے، جن میں نصف سے زیادہ تعداد پاکستانیوں کی تھی۔ حادثے میں صرف 82 افراد زندہ بچ پائے تھے۔ یونان ہی میں کشتی کو دوسرا حادثہ دسمبر 2024ء میں جنوبی جزیرے کے قریب کشتی الٹنے کی صورت میں پیش آیا واقعے میں ہلاک و لاپتا ہونے والے بیشتر تارکین وطن کا تعلق پاکستان سے تھا۔ 47 پاکستانی شہریوں کو ریسکیو کیا گیا۔ ماضی میں کوسٹ گارڈز کی فائرنگ سے مرنے والوں کی تعداد سینکڑوں میں ہے۔

پاکستان سے لوگ زیادہ تر یورپ، مشرق وسطیٰ، یا امریکہ جانے کے لیے ''ڈنکی'' کا راستہ اختیار کرتے ہیں۔ انسانی اسمگلنگ کے نیٹ ورکس خاص طور پر بلوچستان، پنجاب، اور خیبر پختونخوا میں سرگرم ہیں۔ ''ڈنکی'' ایک خطرناک اور غیر قانونی عمل ہے جو انسانی جانوں کو خطرے میں ڈال دیتا ہے۔ اس رجحان کو روکنے کے لیے حکومتوں، معاشرے، اور بین الاقوامی اداروں کو مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ قانونی اور محفوظ طریقوں سے بہتر مواقع کی فراہمی ہی اس مسئلے کا حل ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: انتخاب

Bullet No. 6 Dated: 8-1-25 Page No. 14

# ریکوڈک، 15 فیصد شیئرز سعودیہ کو فروخت

وفاقی کابینہ نے ریکوڈک منصوبے کے 15 فیصد شیئرز سعودی عرب کو فروخت کرنے کی منظوری دے دی۔ یہ معاہدہ بین الحکومتی ٹرانزیکشن ایکٹ کے تحت طے پایا ہے، جس کے تحت سعودی عرب کو 540 ملین ڈالرز کے عوض یہ شیئرز براہ راست منتقل کیے جائیں گے۔ سعودی عرب پاکستان کو 540 ملین ڈالرز کی رقم دو قسطوں میں ادا کرے گا۔ پہلے مرحلے میں 10 فیصد شیئرز کی منتقلی پر 330 ملین ڈالرز ادا کیے جائیں گے، جبکہ دوسرے مرحلے میں 5 فیصد شیئرز کی منتقلی کے بعد 210 ملین ڈالرز کی ادائیگی کی جائے گی۔ سعودی فنڈ برائے ترقی بلوچستان میں معدنیات کے شعبے کو فروغ دینے کے لیے اضافی 150 ملین ڈالرز فراہم کرے گا۔ مزید برآں، سعودی عرب نے چاغی کے علاقے میں معدنی وسائل کی تلاش اور سرمایہ کاری کرنے پر بھی آمادگی ظاہر کی ہے۔ ریکوڈک منصوبے میں وفاقی اور بلوچستان حکومت کے پاس مشترکہ طور پر 50 فیصد شیئرز ہیں، جبکہ دیگر شیئرز بین الاقوامی کمپنیوں کے پاس ہیں۔

ریکوڈک پاکستان کی معیشت میں 2028ء سے اہم کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہوگا۔ ریکوڈک کی عمر کم از کم 38 سال متوقع ہے، جس میں ٹرک اور شاول اوپن پٹ آپریشن کے ساتھ پروسیسنگ کی سہولیات شامل ہیں، جو اعلیٰ معیار کے تانبے اور سونے کے کنسنٹریٹ پیدا کریں گی۔ تعمیر دو مراحل میں متوقع ہے، جس میں مشترکہ پروسیس کی صلاحیت 90 ملین ٹن سالانہ ہوگی۔ ریکوڈک منصوبے میں تقریباً 5.87 بلین ٹن تانبے اور 42 ملین اونس سونے کے ذخائر موجود ہیں جن کی پیداوار 2029ء تک شروع ہونے کا امکان ہے۔ ریکوڈک منصوبے سے اگلے 40 سال تک ملکی معیشت میں سالانہ ایک بلین ڈالر کی آمدنی متوقع ہے۔

''ریکوڈک'' بلوچی زبان میں ریتیلی چوٹی کو کہتے ہیں۔ ریکوڈک چاغی پہاڑی سلسلے کے متعدد آتش فشاں مراکز میں سے ایک ہے۔ دراصل ریکوڈک ٹیتھیان بیلٹ کا ایک ارضیاتی خطہ ہے، اس کا شمار دنیا کے تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر میں ہوتا ہے اور یہ ضلع چاغی میں شروع کیا گیا ایک اہم ترقیاتی انقلابی پروجیکٹ اور بلوچستان کی معاشی واقتصادی ترقی کی ضمانت ہے لیکن ملک دشمن عناصر اس کو سبوتاژ کرنے کیلئے مسلسل سرگرم عمل ہیں۔ اس منصوبے کی تکمیل کے ساتھ بلوچستان کی خوشحالی جڑی ہوئی ہے، ریکوڈک کے ذخائر سے مالا مال چاغی رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا ضلع اور افغانستان وایران کی سرحدوں کے قریب ہے۔ یہ ضلع خشک اور نیم خشک زمینوں پر مشتمل ہے جس میں وسیع صحرا، پہاڑی سلسلے اور نباتات سے مالا مال ہے۔ اس صحرا میں راسکوہ پہاڑیاں اور چاغی پہاڑیاں شامل ہیں۔ ضلع کی آبادی کم ہے کیونکہ یہاں کے حالات زندگی سخت ہیں۔ یہاں کے زیادہ تر باشندے بلوچ ہیں جن میں دیگر نسلی گروہوں کے لوگ بھی ہیں۔ چاغی کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں ترقی کی کمی، بنیادی ڈھانچے کی کمی اور تعلیم وصحت کی دیکھ بھال اور صاف پانی جیسی بنیادی ضروریات تک محدود رسائی شامل ہیں۔

بلوچ قیادت کو ریکوڈک معاہدے پر تحفظات ہیں، وہ اسے اٹھارویں ترمیم کے خلاف قرار دیتے ہیں اور ساتھ ہی صوبے کو پچاس فیصد حصہ دینے کا مطالبہ کرتے ہیں، نئے معاہدے کے مطابق کینیڈین کمپنی بیرک گولڈ کا حصہ پچاس فیصد ہوگا۔ آمدن کا پچیس فیصد بلوچستان حکومت کو جائے گا جبکہ باقی پچیس فیصد میں وفاقی حکومت کے اداروں کی شراکت داری ہوگی۔ بلوچستان حکومت کو منصوبے کی پانچ فیصد رائلٹی بھی ملے گی۔ بیرک کے صدر اور چیف ایگزیکٹیو مارک برسٹو کے مطابق بلوچستان میں واقع تانبے اور سونے کے اس بڑے ذخیرے سے باقاعدہ کان کنی اور دھاتیں نکالنے کے آغاز کا ہدف سال 2028 مقرر کیا گیا ہے۔ کسی بھی منصوبے پر بیرونی سرمایہ کاری کی افادیت سے انکار ممکن نہیں لیکن جب تک تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیکر منظوریاں اور فیصلے نہیں کیے جائیں گے یہ متنازع ہی رہیں گے۔ یہ منصوبہ بھی دہائیوں سے مختلف تنازعات کا شکار ہی رہا ہے، کبھی سپریم کورٹ نے کالعدم قرار دیا پھر جائز قرار دیدیا۔ کبھی کوئی معاملہ تو کبھی کوئی۔ حکومت کو چاہیے کہ کیونکہ اس کا براہ راست تعلق بلوچستان اور اس کے عوام سے ہے تو انہیں مکمل اعتماد اور مشاورت اور فیصلوں میں شامل کر کے آگے بڑھا جائے تاکہ منصوبے بروقت مکمل ہوں اور اس سے بلوچستان سمیت ملک بھر کے عوام بھی مستفید ہوسکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated 03 JAN 2025 Page No. 13

## Bugti visits DLA Quetta

QUETTA. The Balochistan Chief Minister, Mir Sarfraz Bugti, paid a surprise visit to the Motorway Police's Driving License Authority (DLA) in Quetta. During the visit, the Chief Minister conducted a detailed review of the driving license issuance process and expressed satisfaction with the performance of the institution. He also expressed his desire to obtain an international driving license from the Motorway Police and decided to personally go through the necessary steps. Bugti not only successfully completed the theoretical driving test but also passed the practical driving test. Following this, his application for an international driving license was sent to DLA Islamabad for issuing International Driving license. During the visit, the Chief Minister praised the Motorway Police's transparent and modern system, adding that the driving license system of the Motorway Police is a reflection of public trust. APP

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 09 JAN 2025 Page No.________



کوئٹہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کراچی، صوبائی وزیر میر صادق عمرانی سابق وزیر خزانہ میر خالد لانگو سے ملاقات کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.__________ Dated 09 JAN 2025 Page No.__________



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان موٹرویز اور نیشنل ہائی ویز پر ریسکیو سروس کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سے سینئر ڈائریکٹر پاکستان ڈبلیو ڈبلیو ایف محمد فواد حیات ملاقات کر رہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان چمن ماسٹر پلان کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner